نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں گرین ٹریکٹر سکیم سے فارم میکانائزیشن کو فروغ حاصل ہو گا۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:27جون2024: صوبہ پنجاب میں گرین ٹریکٹر سکیم سے فارم میکانائزیشن کو فروغ حاصل ہو گا۔ حکومت پنجاب نے مالی سال 25-2024 کے لیے زرعی شعبہ کی ترقی کے لیے فیاضانہ وسائل فراہم کیے ہیں اور اس ضمن میں گرین ٹریکٹر سکیم کیلئے 30 ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے لاہور میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ فیلڈ میں ٹریکٹر زرعی آپریشنز کی تکمیل کیلئے بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ سکیم قریباً 10 سال بعد شروع کی جا رہی ہے تاکہ صوبہ میں فارم میکانائزیشن کے بہتر استعمال سے فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔ اس سے قبل ایک بڑی سبسڈی پر 15 ہزار ٹریکٹرز فراہم نہیں کئے گئے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا ویژن ہے کہ اس سکیم کو بڑے پیمانے پر لانچ کیا جائے۔ ٹریکٹر کی خرید کے سلسلے میں کاشتکار کو آپشن دیا جائے کہ وہ جس مرضی کمپنی کا ٹریکٹر خرید کرے۔ انہوں نے واضح کیا کہ گرین ٹریکٹر کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ گرین ٹریکٹر کی تیاری کے وقت محکمہ زراعت پنجاب کی ایس او پیز کو مد نظر رکھنا لازم ہو گا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ اس سکیم سے نہ صرف کاشتکاروں بلکہ ٹریکٹر انڈسٹری کو بھی فائدہ ہو گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹریکٹروں کی فراہمی کیلئے درخواستوں کی وصولی اور قرعہ اندازی شفاف انداز میں منعقد کرائی جائے گی۔ اجلاس میں محکمہ زراعت کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆